## سوال

(101) نماز میں رکوع کا بھول جانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک امام نماز پڑھاتے ہوئے ایک رکعت میں رکوع کرنا بھول جاتا ہے اوراپنے طور پر نماز مکمل کر کے سلام پھیر دیتا ہے، بعدازاں نمازیوں کی یاددہانی پر اسے اپنی غلطی کا پتہ چلتا ہے۔ اب کی وہ پوری نماز دوبارہ پڑھائے یا پھر کیا کیا جائے؟ جواب مطلوب ہے۔ (سائل: قاری محمد افتخار مدرسہ تجوید القرآن اہل حدیث فلیمنگ روڈلاہور)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اب وہ ایک رکعت پرھائے اور پھر تشہد پڑھ لینے کے بعد سلام سے پہلے سہو کے دو سجدے کرے، پھر سلام پھیر دے۔ اب اس کی نماز مکمل ہوگئی۔ پوری نماز دوبارہ پڑھانے کی ضرورت نہیں۔ دوالیدین کی مشہور حدیث کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے باقی ماندہ دو رکعت پڑھائی تھیں نہ کہ پوری نماز دوبارہ پڑھائی تھی۔ (بخاری، ترمذی، تحفة الاحوذی ج ا ص ۳۰۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ محمدیہ**

**ج1ص367**

محدث فتویٰ